سوال

(1069)خطبہ عید سننا ضروری ہے یا نہیں؟

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

خطبہ عید سننا ضروری ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

خطبہ عید سننا ضروری نہیں۔ سنن ابی داؤدو غیرہ میں حدیث ہے، کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

'إِنَّا نَخطُبُ، فَمَن أَحَبَّ أَن یَجلِسَ لِلخُطبَةِ فَلیَجلِس، وَمَن أَحَبَّ أَن یَذهَبَ فَلیَذهَب' (سنن أبی داوٗد، بَابُ الجُلُوسِ لِلخُطبَةِ، رقم:١١٥٥)

''ہم عید کا خطبہ دیں گے، جو خطبے کے لیے بیٹھنا چاہے۔ بیٹھ جائے اور جو جانا چاہے۔ چلا جائے۔''

علامہ البانی فرماتے ہیں: کہ اس کی سند ''شیخین'' کی شرط پر صحیح ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ:صفحہ:846

محدث فتویٰ